خاص دم سورۃ فاتحہ شریف

ڈاکٹر سائر واسطی شاہ جمالی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بھائی ربیع الاسلام کی فرمائش پر

تمام امراض کیلئے خاص دم

- ہر قسم کے مرض کیلئے مریض کے سامنے آنکھیں بند کرکے یا نیچی نظر کرکے توجہ سے بیٹھ کر سات مرتبہ سورۃ فاتحہ شریف معہ بسم اللہ شریف اس طرح پڑھیں کہ بسم اللہ الرحیم الرحیم کا آخری م معہ اپنی زیر کے ساتھ سورۃ فاتحہ کے الحمد کے حرف لام کے ساتھ متصل ہو جائے۔اس کو وصل میم کہتے ہیں۔ یعنی ملحمد کی طرح پڑھنا ہے۔(بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ الۡحَمۡدُ) اعراب کی درستگی کا خیال رکھیں۔اور آخر میں تین بار آمین کہیں۔
- اول آخر طاق مرتبہ درود شریف پڑھیں۔
- بس یہی دم کا طریقہ ہے۔ہر مرض کے لئے یہی دم انشاء اللہ تعالیٰ ! کفایت کرے گا۔

برسوں کا معمول ہے۔ الحمد للہ ! کہ میں اور بھی بہت سے دم جانتا ہوں لیکن میرے نزدیک یہ سب سے افضل دم ہے کیونکہ اس سورۃ کا نام ہی سورۃ الشفاء ہے۔

- مرض خواہ چھوٹا ہو یا پیچیدہ یہی دم کیا جائے گا تکلیف کے مطابق صبح شام یا کمی بیشی کی جاسکتی ہے لیکن ورد کی تعداد سات مرتبہ ہی رہے گی۔ آمین آخر میں تین مرتبہ ہی کہنا ہوگا درود شریف میں اختیار ہے کہ جو چاہے اور جتنی طاق تعداد میں پڑھیں۔

الحمد للہ ! میں نے کینسر، دل، کالے یرقان وغیرہ کے علاوہ جادو سایہ وغیرہ کا مکمل علاج بھی اسی طرح کیا ہے اور مریض جلد از جلد صحت یاب ہوگئے۔

- جنات جادو کے پیچیدہ معاملہ میں دل کی تقویت کیلئے ساتھ آیت الکرسی اس دم کے بعد سات مرتبہ پڑھ کر دم کردیا کریں۔ سونے پر سہاگہ ہوجائے گا۔ میں کبھی تو ایسا کرتا ہوں کبھی ایسا نہیں کرتا۔

لوگ اعتماد کریں تو واقعی یہ اکیلا دم ہی کافی ہے۔ تمام امراض کے علاج کیلئے۔

اب میں دیکھوں گا کہ کتنے لوگ اس سے مستفید ہوتے ہیں

اب اس کے مزید بھی مخصوص طریقے انشاء اللہ تعالیٰ ! تجلیات گروپ میں پیش کرتا رہوں گا۔

دعاگو فقیر سائر واسطی شاہ جمالی غفرلہ خادم تجلیات گروپ

(اس پوسٹ میں یہ اضافہ کیا جارہا ہے ایڈٹ کرکے۔ شکریہ یہ آنکھیں بند یا نیچی نظر عورت مریضہ کی وجہ سے نہیں کہا بلکہ مریض خواہ کوئی بھی ہو ایسا کریں گے تو زیادہ اثر ہوگا میں نے تو یہ محسوس کیا ہے ورنہ کوئی پابندی نہیں ہے۔ شکریہ والسلام)

تجلیات گروپ

سورۃ فاتحہ شریف کا دوسرا دم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

- سب سے پہلے تعوذ یعنی اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم 1 مرتبہ
- پھر تسمیہ شریف یعنی بسم اللہ الرحمن الرحیم 1 مرتبہ
- پھر سبحٰن اللہ وبحمدہٖ سبحٰن اللہ العظیم 11 مرتبہ
- پھر درود شریف کوئی سا بھی 11 مرتبہ
- پھر سورۃ فاتحہ شریف معہ ہر مرتبہ بسم اللہ شریف (اور وصل میم کے ساتھ) 70 مرتبہ ہر مرتبہ آخر میں آمین بھی کہا جائے گا۔ یا سب کے آخر میں بھی تین مرتبہ آمین کہہ سکتے ہیں۔
- پھر درود شریف کوئی سا بھی 11 مربہ
- پھر آمین 3 مرتبہ

بس یہی عمل ہے۔ ہمہ قسم کے مریضوں پر دم کریں یا پانی پڑھ کر دے دیجئے۔ خواتین ناغہ کے ایام میں بھی یہ پانی بلا تکلف پی سکتی ہیں۔

بفضلہٖ تعالیٰ! ہمہ قسم امراض، جادو، سایہ وغیرہ کا مجرب علاج ہے۔

جس ترتیب سے یہ دم مرتب کیا گیا ہے دعا کا طریقہ بھی یہی ہے اور یہ سورۃ تو خود سورۃ الدعا ہے اس لئے ہزار اعمال کا یہی ایک عمل سمجھیں۔ حل المشکلات کیلئے بھی یہی طریقہ بہت مجرب و مفید ہے۔ باقی اپنی فہم و فراست سے خود سمجھ لیجئے۔ شکریہ والسلام